پریس ریلیز

مورخہ 04 ستمبر 2024

آج مورخہ 04 ستمبر 2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے UNODC کے وفد کی ارسلان مسعود کی سربراہی میں ملاقات۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے وفد کو پراسیکیوٹرز کو کیس فلو مینجمنٹ سسٹم میں ڈیٹا انٹری میں درپیش مشکلات، انفراسٹرکچر (لیپ ٹاپ وکمپیوٹرز) کی کمی، اور وقت کی ضروریات کے مطابق نئے قوانین پر ٹریننگ و دیگر درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔

ملاقات میں پراسیکیوشن کے کیس فلو مینجمنٹ سسٹم کی سوفٹ ویئر اور ہارڈ ویئر اپ گریڈیشن، پراسیکیوٹرز کو لیپ ٹاپ وکمپیوٹرز کی فراہمی اور پراسیکیوٹرز کی نئے قوانین اور روزمرہ عملی زندگی میں کارآمد عنوانات پر ٹریننگ کروانے پر اتفاق۔

جس کے پہلے مرحلے میں محکمہ پراسیکیوشن کو 200 جدید لیپ ٹاپس، اور دو عدد ڈیٹا سرورز فراہم کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ نئے قوانین، کیس فلو مینجمنٹ سسٹم اور پراسیکیوٹرز کی ضروریات کے مطابق پراسیکیوٹر جنرل آفس پنجاب کے جاری کردہ ماڈیولز کے مطابق ٹریننگ بھی کروائی جائیں گی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ پراسیکیوٹر جنرل آفس پنجاب کی درخواست پر پاکستان پراسیکیوشن فورم کی آئندہ ہونے والی کانفرنس کے ایجنڈہ میں پراسیکیوٹرز کے لیے سروس سٹرکچر کو بھی شامل کیا گیا ہے جو کہ پنجاب کے پراسیکیوٹرز کا دیرینہ مسئلہ ہے۔ انشااللہ بہت جلد پراسیکیوٹرز کا سروس سٹرکچر کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)